© rasailojaraid.com

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی خدمات کے اعتراف میں سعودی عرب کی طرف سے ,,خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ،،

7 جولائی 2014ء کو رابطہ عالم اسلامی کے زیر اہتمام جدہ میں منعقدہ ایک عالمی تقریب میں سال 1435ھ /2014ء میں سب سے زیادہ تریسٹھ ہزار پانچ سو چھپن (63556) حفاظ تیار کرنے پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کو دنیا کے سب سے بڑے اعزاز "خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ" سے نوازا گیا۔ وفاق المدارس کی طرف سے ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم نے سعودی فرمانروا شاہ عبداللہ کے صاحبزادے گورنر مکہ شہزادہ مشعل بن عبداللہ سے یہ ایوارڈ وصول کیا۔

تقریب میں سعودی عرب کے علماء و مشائخ، مختلف وزارتوں کے افسران اور شاہی خاندان کے افراد موجود تھے۔ ان کے علاوہ مختلف ممالک سے آئے ہوئے وفود اور اہم شخصیات نے بھی شرکت کی

اس تاریخی موقع پر مولانا محمد حنیف جالندھری نے عالمی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے اس ایوارڈ کو پاکستان، پاکستانی قوم اور دینی مدارس کا اعزاز قرار دیا اور کہا کہ ملک بھر کے مدارس و جامعات کے ذمہ داران کی شبانہ روز محنتوں کا ثمر ہے۔ ناظم اعلیٰ وفاق نے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی خدمات کے اعتراف پر خادم الحرمین الشریفین شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز، رابطہ عالم اسلامی کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبداللہ عبدالمحسن الترکی اور الھیئۃ العالمیہ لتحفیظ القرآن الکریم کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبداللہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پاکستانی قوم کو ملنے والا یہ اعزاز وطن عزیز میں قرآن کریم کی خدمت کے مبارک جذبے کو مزید اجاگر کرے گا۔

اس موقع پر قومی و سیاسی رہنماؤں، وزراء، مختلف مکاتب فکر کے زعماء اور دنیا بھر سے اہم شخصیات نے صدر وفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب، ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہم سمیت وفاق المدارس کے جملہ ذمہ داران کو مبارک باد پیش کی اور وفاق المدارس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ تمام رہنماؤں اور اہم شخصیات نے کہا کہ وفاق المدارس کا یہ اعزاز پوری قوم کے لئے باعث صد افتخار ہے۔ خصوصاً ایسے وقت میں جبکہ پوری دنیا میں اہل اسلام کو ہدف بنایا جا رہا ہے اور جگ ہنسائی کا ماحول بنا ہوا ہے، ایک عالمی تنظیم کی طرف سے پاکستانی ادارے کو "خدمت قرآن کریم انٹرنیشنل ایوارڈ" ملنا باد نسیم کا ایک جھونکا ہے اور وفاق المدارس کی یہ کارکردگی دیگر اداروں کے لئے مشعل راہ ہے۔

© rasailojaraid.com